Principles of Accounting (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Accounting Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Test

Q1. کون سا حصہ دار جوئیر حصہ دار ہوتا ہے.

Ans 1: وہ حصہ دار جس نے شراکت کے کاوبار میں دوسرے حصہ داروں کی نسبت کم سرمایہ لگا رکھا ہو۔ جس کا کاروباری تجربہ بھی کم ہو.ا ور ابھی نیا نیا بطور حصہ دار شامل ہوا ہو۔ اور نفع و نقصان کا تناسب سب سے کم ہو.

Q2. شراکتی کاروبار میں حصہ داروں کے چار فرائض تحریر کریں.

Ans 1: 1- شراکتی کاروبار میں وفادار ہوگا.

Ans 2: 2- شرکاء کو ضروری معلومات فراہم کرے گا.

Ans 3: 3- کسی مقابلے کے کاروبار میں شریک نہیں ہوگا

Ans 4: 4- اپنے اختیارات کے اندر رہتے ہوئے کاروبار میں حصہ لےگا.

Q3. معاہدہ شارکات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: "معاہدہ شراکت ایک ایسی اہم دستاویز جس میں تمام قواعد و ضوابط اور ضروری شرائط جو شراکتی کاروبار کے اندرونی معاملات کو چلانے کے لیے ضروری ہوتی ہے اس میں درج ہوتی ہیں."

Q4. کیا قانونی طور پر شراکت کے کاروبار کی رجسٹریشن لازمی ہے.

Ans 1: 1932 کے قانون شراکت داری کے تحت شراکتی فرم کی رجسٹریشن لازمی نہیں ہوتی. البتہ اگر کوئ فرم رجسٹریشن کے فوائد سے فائدہ اٹھانا چاہتی ہے تو وہ اپنی رجسٹریشن کرواسکتی ہے.

Q5. سینئر حصہ دار کیسا ہوتا ہے.

Ans 1: حصہ دار جس نے شراکت کا کاروبار میں دوسرے حصدداروں کی نسبت زیادہ سرمایہ لگا رکھا ہو۔ زیادہ کارباری تجرب رکھتا ہے کاروباری معاملات کو چلانے میں اس کا سب سے اہم کردار ہو۔ او نفع و نقصان کا تناسب سب سے زیادہ و.

Q6. شراکتی کاروبار میں حصد داران کے چار حقوق لکھیں.

Ans 1: 1- ہر حصہ دار شراکتی انتظامیہ میں حصہ لے سکتا ہے.

Ans 2: 2- راز داری رکھ سکتا ہے.

Ans 3: 3- حسابات کی کتابوں کی جاچ پڑتال کرسکتا ہے.

Ans 4: 4- منافع میں هصہ لینے کا حق دار ہوتا ہے.

Q7. شراکتی کاروبار کی تین اہم خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: 1- شراکت دو یا دو سے زیادہ افراد میں ایک تعلق کا نام ہے.

Ans 2: 2- اس تعلق کے لیے مختلف افراد کے درمیان ایک معاہدہ ہوتا ہے.

Ans 3: 3- شراکی کاروبار کے کرنے کا مقصد منافع کمانا ہوتا ہے.

Q8. شراکت میں حصد داران کے متغیر سرمایہ جات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: جب شراکت میں خاص حصہ داران اپنے سرمائے فکسڈ رکھنے پر رضامند ہوں تو اس صورت میں تمام ایڈجسٹمنٹ جس میں سرمایہ جات پر سود سال میں نقصان حصد دارسان کی تنخواہیں اور ڈرائنگز وغیر سب سرمایہ جات میں شامل کی جاتی ہیں. تو پھر ایسے سرمایہ جات متغیر سرمایہ جات کہلاتا ہے.

Q9. حصہ داران کی تعریف کریں.

Ans 1: وہ شخص جو شراکت قائم کرتے ہیں. وہ انفرادی طور پر حصہ دار کہلاتے ہیں.

Q10. نمائشی حصہ دار کی تعریف کریں.

Ans 1: یہ وہ حصہ ہے جو نہ تو کاربار میں سرمایہ لگاتا ہے نہ اس میں عملی طور پر حصہ لیتا ہے بلک اس کا نام اس کی اچھی کاروباری ساکھ فائدہ اٹھانے کے لیے حصہ داران کی فہرست میں شامل کررکھا ہوتا ہے.